NagpurStudy.com

**KNT/KW/16/5040**

**Bachelor of Science (B.Sc.) Semester—I Examination**

**URDU**

**Compulsory Paper-2**

Time : Three Hours] [Full Marks : 60

سوال نمبرا : درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون تحریر کیجئے۔ 12

۱۔ آبی آلودگی ۔۔ایک سنگین مسئلہ

۲۔ ہمارا گھر اور ہماری اخلاقی ذمہ داریاں

۳۔ ادب اور سائنس کے مابین رشتہ

۴۔ میرا پسندیدہ مصنف

سوال نمبر۲ : (الف) درج ذیل سوال کا مفصل جواب تحریر کیجیے۔ 6

مرزا غالب نے اپنے دوسرے خط میں میر مہدی حسین مجروح سے کس بات کا ذکر کیا؟

یا

بھوپال پہنچ کر مصنف پر اردو کی صورت حال کس طرح اجاگر ہوئی ؟

(ب) درج ذیل سوال کا مفصل جواب لکھیے ۔ 6

کلام غالب کی خوبیاں مع مثالوں کے واضح کیجئے

یا

مومن کی شاعری میں حسن وعشق کے بیان کی وضاحت کیجئے



rtmnuonline.com

NAGPURSTUDY.COM

سوال نمبر۳ : (الف) درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ 6

۱۔ ادب اور سائنس کے مابین رشتے کی وضاحت کرتے ہوئے بتائیے کہ کس طرح سائنس کی ترقی سے فطرت کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

۲۔ اچھی عبارت لکھنے کے لئے کونسی باتوں کا جاننا ضروری ہے؟ مختصراً لکھئے۔

یا

۳۔ اِندر جیت لال نے کن دو ادبی شخصیات کی مثالوں سے سائنس کی اہمیت پر روشنی ڈالی؟

۴۔ مضمون تحریر کرتے وقت اسلوبِ بیان کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

(ب) درج ذیل اشعار کی بحوالہ شاعر تشریح کیجئے۔ 6

۱۔ ایک فرصتِ گناہ ملی وہ بھی چار دن
دیکھے ہیں ہم نے حوصلے پرور دگار کے
بھولے سے مسکرا تو دیے تھے وہ آج فیض
مت پوچھ ولولے دلِ نا کردہ کار کے

۲۔ پھاڑ کر پھینکتے ہیں جامۂ ہستی کو سمیٹ
لے جنوں ہم نے یہ سامان بکھیرا تیرا
میں ہی تیرا ہوں تو پھر کیا کہوں میرا کیا ہے
تو ہی میرا ہے تو پھر کس لیے میرا تیرا

یا



rtmnuonline.com

NagpurStudy.com

۳۔ ترے غم کو جاں کی تلاش تھی ترے جاں نثار چلے گئے
تری رہ میں کرتے تھے سر طلب سرِ رہگزار چلے گئے
نہ سوال وصل، نہ عرضِ غم، نہ حکایتیں نہ شکائتیں
ترے عہد میں دلِ زار کے سبھی اختیار چلے گئے

۴۔ رکھی ہوئی ہے ساری خدائی ترے لیے
حقدار بن کے سامنے آ مانگ یا نہ مانگ
اس خاکدان دہر میں گھٹتا اگر ہے دم
مقدور ہوتو آگ لگادے ہوا نہ مانگ

سوال نمبر۴۔ (الف) آپ نے نیا کمپیوٹر انسٹی ٹیوٹ شروع کیا ہے۔اپنے انسٹی ٹیوٹ کوفروغ دینے کے لیے اخبار میں مناسب اشتہار دیجئے۔ 5

یا

آپ ٹائپسٹ ہیں، ملازمت کے لیے اخبار میں مناسب اشتہار دیجئے۔

(ب) دیئے گئے انگریزی اقتباس کا سلیس اور بامحاورہ اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 4

Teaching is a very noble profession that shapes the character, calibre and future of an individual.....Youth have a dream and also they have a pain. The pain comes out of their dream, they want to live in a prosperous, happy and peaceful India. This type of student's environment ignites me and leads me to interact with young minds.



rtmnuonline.com

NagpurStudy.com

(ج) درج ذیل محاوروں کے معنی لکھیے اور جملوں میں استعمال کیجئے۔ (کوئی تین) 3

۱۔ روح تڑپنا

۲۔ زبان بند ہونا

۳۔ زہر ملا دینا

۴۔ سوچ میں رہنا

۵۔ سینے میں آگ لگنا

سوال نمبر ۵۔ (الف) ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔ 6

۱۔ غالب نے میر مہدی کو رام پور کے بارے میں کیا بتایا ؟

۲۔ مصنف نے اردو اور بھوپالی اردو میں کیا فرق پایا ؟

۳۔ ہر مضمون کے کتنے ضروری حصے ہوتے ہیں ؟

۴۔ مومن کا کوئی ایک شعر تحریر کرتے ہوئے وضاحت کیجئے ؟

۵۔ فیض احمد فیض کے شعری مجموعوں کے نام لکھئے؟

۶۔ ناطق گلاؤٹھوی کی مختلف کتابوں کے نام لکھتے ہوئے اُن کی سنِ پیدائش لکھئے ۔

(ب) اخبار کے لیے رپورٹ لکھئے۔ 6

ناگپور امراوتی ہائی وے پر ایک کار حادثے میں چند افراد شدید زخمی ہو گئے ۔

یا

ملک کی مالی صورتِ حال پر وزیر خزانہ کا بیان۔

☆☆☆☆☆



rtmnuonline.com